ماڈل پیپر "اردو" (لازمی)

برائے سیکنڈری سکول پارٹ-I (جماعت نہم)

حصہ معروضی

رول نمبر: ہندسوں میں ــــــــــــــــــ وقت: 20 منٹ

الفاظ میں ــــــــــــــــــ کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رول نمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔

تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔
کاٹ کر، کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات غلط متصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ **10**

(i) عقل کی رسائی کہاں تک ہے؟

(الف) فقط حد نظر تک (ب) فقط نیچر تک (ج) زمین و آسمان تک (د) آسماں سے پرے تک

(ii) سبق "سفارش طلب" کے مصنف کا نام ہے۔

(الف) پطرس بخاری (ب) مولوی عبدالحق (ج) کرنل محمد خاں (د) مولانا حالی

(iii) سبق "یتیم شہزادے کی ٹھوکریں" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(الف) بیگمات کے آنسو (ب) زندگی (ج) بزم آرائیاں (د) گنجینہ گوہر

(iv) "فیوجی یاما" نام ہے۔

(الف) ایک شہر کا (ب) ایک کمپنی کا (ج) ایک گاڑی کا (د) ایک پہاڑ کا

(v) پولیس کے ہاتھوں میں تو ہمیشہ ڈنڈا رہا ہے سیاسی لوگوں کے ہاتھ میں کیا ہوتا ہے ؟

(الف) ووٹ (ب) نوٹ (ج) رعب (د) خوف

(vi) غزل کے جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اسے کہتے ہیں۔

(الف) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) قافیہ

(vii) میر تقی میر کی شاعری کیسی ہے؟

(الف) حمدیہ (ب) نعتیہ (ج) مزاحیہ (د) سنجیدہ

(viii) "نظم تعمیر چمن" میں دیوانہ پن سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(الف) پاگل پن (ب) بیوقوفی (ج) کم عقلی (د) وطن سے بے لوث محبت

(ix) گوش بر آواز کون ہے؟

(الف) لوگ (ب) سارا جہاں (ج) اپنے یار دوست (د) اپنے ساتھی

(x) احسان دانش کا سن پیدائش کیا ہے؟

(الف) 1900 (ب) 1907 (ج) 1914 (د) 1921

سوال نمبر 2(ا)۔کالم (الف) کے ہر لفظ کا تعلق کالم (ب) کے بے ترتیب متضاد الفاظ کے ساتھ ہے۔درست جواب کالم (ج) میں لکھیں۔ 5

کالم (الف)	کالم (ب)	کالم (ج)
اکثریت	فراز	
تقدیم	بنجر	
نشیب	رذیل	
شریف	اقلیت	
زرخیز	تاخیر	

(ب)۔مندرجہ ذیل الفاظ کو واحد /جمع کے الگ الگ خانوں میں تحریر کریں۔ 5

الفاظ	واحد	جمع
خیام		
ریاض		
حجت		
خزائن		
رعیت		

ماڈل پیپر "اردو" (لازمی)

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے — کل نمبر: 55

حصہ اوّل

سوال نمبر۔3 درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) 10

(i) اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا — جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تو نے

(ii) آندھیوں کا کیا بھروسہ کیا بگولوں کا یقیں — روز اونچی اپنی دیوار چمن کرتے رہو

(iii) جلوت میں تو کچھ پاس رہا خلق خدا کا — خلوت میں بھی سرکار! خدا دیکھ رہا ہے

(iv) ہر حال میں رہا جو ترا آسرا مجھے — مایوس کر سکا نہ ہجوم بلا مجھے

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

حصہ دوم

سوال نمبر۔4 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔ 10

(الف) اے ہمیشہ زندہ رہنے والی امید۔ جبکہ زندگی کا چراغ ٹمٹماتا ہے اور دنیوی حیات کا آفتاب لب بام ہوتا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں گرمی نہیں رہتی۔ رنگ فق ہو جاتا ہے منہ پر مردنی چھاتی ہے۔ ہوا ہوا میں، پانی پانی میں، مٹی مٹی میں ملنے کو ہوتی ہے، تو تیرے ہی سہارے سے وہ کٹھن گھڑی آسان ہوتی ہے۔

(ب) خوش قسمتی سے دنیا میں اس وقت ایک ایسا ملک اور ایسی قوم بھی ہے، جس کے کل نظام زندگی کی بنیاد دین پر قائم ہے۔ میں مانتا ہوں کہ اس قوم میں کمزوریاں بھی ہوں گی، اس کے کچھ لوگ دین کا نام مصلحت کی خاطر یا ریاکاری سے لیتے ہوں گے۔ ان میں بعض متشکک ہوں گے اور بعض بے عمل۔

سوال نمبر۔5 درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ 5

(الف) ایک خادم خلق کی کہانی — (ب) بڑے بھائی صاحب

سوال نمبر۔6 نظم "کھڑا ڈنر" کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھئے۔ 5

سوال نمبر۔7 ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام فیس معافی کے لئے درخواست لکھیں۔ 10

یا

اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے بری صحبت چھوڑنے اور پڑھائی کی طرف راغب ہونے کی نصیحت کریں۔

(درخواست یا خط میں امیدوار اپنے سکول، ضلع کا نام ہرگز نہ لکھیں اور اپنے اصلی نام کی بجائے فرضی نام ا۔ب۔ج لکھیں)

سوال نمبر۔8 ایک کہانی تحریر کریں جس کا نتیجہ "جس کا کام اسی کو ساجھے" نکلتا ہو۔ 5

یا

مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیں۔

سوال نمبر۔9 درج ذیل لاحقوں سے ایک ایک لفظ بتائیں۔ 5

انگیز۔ اندیش۔ خواہ۔ کدہ۔ شناس

سوال نمبر۔10 درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ 5

(i)۔ کمخواب میں ریشم کا پیوند۔

(ii)۔ جس کی لاٹھی اس کی گائے۔

(iii)۔ ماہ رمضان کا مہینہ برکت والا ہے۔

(iv)۔ ہم سب بخیریت سے ہیں۔

(v)۔ میرے سر میں درد ہو رہی ہے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i)۔ پاک رہو ....

(ii)۔ طویلے کی بلا ....

(iii)۔ الٹے بانس ....

(iv)۔ آسماں سے گرا ....

(v)۔ آپ کاج ....